5176-لڑکی امریکہ میں تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہے اوروالد پردہ نہیں کرنے دیتا

سوال

میری اکیس برس ہے اورمیں نے ڈیڑھ برس قبل والد کی رغبت کی مخالفت کرتے ہوئے پردہ کرنا شروع کیا ہے، میں آئندہ برس حصول تعلیم کے لیے امریکہ جاؤنگی، میرے والد صاحب مجھے نصیحت کرتے ہیں کہ امریکہ جاکر پردہ نہ کروں، کیونکہ وہاں لوگ ایک دوسرے سے مختلف نظر آنا نہیں چاہتے.

اب مجھے یہ مشکل درپیش ہے کہ میں پردہ کرتی ہوں کیونکہ مجھے بتایا گیا ہے کہ پردہ نہ کرنا بہت بڑا گناہ ہے، برائے مہربانی آپ اس سلسلہ میں مجھے کوئی نصیحت فرمائیں.

پسندیدہ جواب

اللہ تعالی آپ کو برکت اوراجروثواب
سے نوازے آپ نے پردہ کا اہتمام کرکے بہت اچھا کیا ہے، اورآپ یہ علم میں رکھیں کہ
اللہ سبحانہ وتعالی کی معصیت ونافرمانی میں کسی بھی مخلوق کی اطاعت وفرمانبرداری
نہیں ہوسکتی.

اس لیے آپ پابندی سے پردہ اورباقی
شرعی احکام پرعمل کرتی رہیں لیکن ہمیں آپ کے امریکہ جاکر تعلیم حاصل کرنے میں
خدشہ ہے کہ آپ وہاں کے متلاطم فتنوں کا شکارہوجائینگی، اورمختلف قسم کے شبھات
اوراسی طرح حرام شہوات میں پڑجائینگی.

اس لیے اگرآپ کسی ایسی یونیورسٹی یا
مدرسہ میں تعلیم حاصل کرسکیں جہاں شرعی احکام کے مطابق پردہ بھی کرایا جاتا ہو،
اورمردوعورت کی مخلوط تعلیم نہ ہوتویہ آپ کے لیے بہتراوریقینی ہے...

اللہ تعالی ہمیں اورآپ کوہرقسم کی
خیروبھلائی سے نوازے.

واللہ اعلم.